قطب شہید، مولانا اشرف علی تھانوی، سید ابوالاعلیٰ مودودی، سید سلیمان ندوی، عروج احمد قادری، محمود فاروقی اور حکیم محمد سعید شہید--- موضوع جیسا پاکیزہ ہے، اور لکھنے والوں کو موضوع پر جیسی مہارت اور قلم پر جیسی گرفت حاصل ہے، کتاب کی طباعت و پیش کش بھی ویسی ہی حسین و جمیل اور سرورق دل کش ہے۔ ماہ مقدس میں اہتمام صیام و عبادات کے ساتھ، ایسی کتابوں کی نشرواشاعت اور انھیں زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچانا بھی رمضان المبارک کی سعادتوں میں شمار ہو گا۔ (ر۔ ہ)

(مجلہ) **پکار**، ذرائع ابلاغ نمبر۔ مدیرہ: عظمیٰ لطیف۔ مقام اشاعت: ۷-ابدالی سٹریٹ، اتحاد کالونی، لاہور۔ صفحات: ۱۳۲۔ قیمت: ۱۵ روپے۔

ذرائع ابلاغ (میڈیا) کے ذریعے پھیلائی جانے والی فکر، اکثر و بیش تر صورتوں میں ہماری تہذیبی، ثقافتی اور معاشرتی زندگی کے لیے حد درجہ ضرر رساں ہے۔ نسل نو کو اس کے منفی اثرات سے کیسے اور کیونکر بچایا جائے؟ اور اس سے مثبت اثرات حاصل کرنے کے لیے کیا تدابیر اختیار کی جائیں؟ اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے پکار کا یہ خاص نمبر مرتب کیا گیا ہے۔ قلم کاروں میں نوآموز لکھنے والی طالبات بھی ہیں، اور معروف اہل علم و دانش بھی۔ یوں اصلاح ذرائع ابلاغ کے لیے مفید، اور معلومات افزا بہتر مواد جمع کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ جناب مرزا ادیب کا ایک مصاحبہ (انٹرویو) بھی شامل ہے۔

یہ خاص نمبر اس لیے بھی قابل تعریف ہے کہ اس سلسلے میں بنیادی فریم ورک اور کاوش طالبات کی ہے۔ نوجوان نسل کا اس مسئلے کی نزاکت کو محسوس کرنا، اور اس ضمن میں اصلاح احوال کے لیے کاوش، پاکستان کے مستقبل کے لیے ایک فال نیک ہے۔

رسالے کا سرورق خوب صورت اور جان دار ہے۔ پروف ریڈنگ کی اغلاط پر توجہ دینے کی بہت ضرورت ہے۔ حصہ نظم کا معیار بھی مزید بہتر بنانا چاہیے۔ (زبیدہ جبیں)

مطبوعات موصولہ

☆ علامہ اقبال اور بلوچستان، ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ ناشر: اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، بہ اشتراک سیرت اکادمی بلوچستان، معرفت مکتبہ شال ۲۷۲، اے، او بلاک ۳، سیٹلائیٹ ٹاؤن، کوئٹہ۔ صفحات: ۲۶۸۔ قیمت: ۱۹۰ روپے۔ [اقبال کا سفر بلوچستان، لاہور میں اقبال سے بعض بلوچی اصحاب کی ملاقاتیں، بلوچستان کے اقبالیاتی ادارے اور ان میں ذکر اقبال، اقبال سے فکری طور پر متاثر شعرا، ادبا، نیز پشتو، بلوچی اور براہوی رسالوں اور کتابوں میں ذکر اقبال--- یہ اس کتاب کا دوسرا اضافہ شدہ ایڈیشن ہے اپنے موضوع پر ایک معلومات افزا اور عمدہ کتاب]۔